سوال

(161) مسجد عائشہ (مقام تنعیم) سے عمرہ کا احرام باندھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے والدین سیاحت کے ویزے پر سعودی عرب آرہے ہیں۔ میں نے ان کیلیئے مکان مکہ مکرمہ میں لیا ہے۔ وہ جدہ ائرپورٹ سے سیدھے مکہ آئینگے۔ وہ چاہتے ہے کہ عمرہ دو یا تین دن کے بعد کریں۔ کیا وہ احرام پاکستان باندھیں گے اور عمرہ بھی اسی وقت کریں گے یا یہاں آکر تین دن بعد مسجد تنعیم سے باندھ کر عمرہ کرلیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مکہ آنے والوں کے بارے میں اہل علم کی راجح رائے یہی ہے کہ عمرہ کی نیت کر کے اور عمرہ کا احرام باندھ کر ہی آئیں، لہذا آپ کے والدین کو چاہئے کہ وہ پاکستان سے ہی احرام باندھ لیں اور وہاں مکہ میں ایک آدھ دن آرام کرنے کے بعد عمرہ کرلیں، ان کے لئے یہی طریقہ کار زیادہ بہتر اور افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتوی